© rasailojaraid.com



جائے۔ سامان کا نیلام ہوا اور مروان بن حکم نے جو حالیہ جنگ میں شرکت کے لئے مدینہ سے آئے ہوئے تھے سامان میں اپنے مطلب کی چیزیں دیکھ کر اس کو پچاس ہزار روپے میں خرید لیا، اس رقم کا بیشتر حصّہ انھوں نے نقد ادا کر دیا اور جو کسر رہ گئی اس کو مدینہ جا کر ادا کرنے کا وعدہ کر لیا، عبداللہ بن سعد بن ابی سَرح نے مروان کو امین خمس اور بشیر فتح بنا کر مدینہ بھیجا اور تاکید کی کہ گھر پہنچ کر باقی ماندہ رقم خلیفہ کو دیدیں، مدینہ میں جنگِ افریقیہ کی طرف سے لوگوں کو کافی تشویش تھی، شہر کے متعدد صحابہ اور قرشی و انصاری جو ان اس مہم پر گئے ہوئے تھے اور بہت سے لوگ مع خلیفہ کے ان کی خیریت معلوم کرنے کے لئے بے چین تھے، مروان فتح کی بشارت لے کر آئے تو شہر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، عثمان غنیؓ نے مسرور ہو کر وہ رقم معاف کر دی جو مروان کے ذمہ رہ گئی تھی۔ (تاریخ الخمیس قاضی دیار بکری مصر ۲/ ۲۶۷)

---


## دینی صحافت کے اُفق پر ایک نیا آفتاب

## ماہنامہ انوارِ اسلام

زیرِ نگرانی:- ابو محمد امام الدین رام نگری

یہ ماہنامہ اسلامی تعلیمات، اسلامی نظامِ زندگی اور اسلامی سیرت و تاریخ کو پوری جامعیت کے ساتھ دلولہ انگیز، ایمان افروز اور مدلل انداز میں جدید علمی مذاق اور ادبی معیار کے مطابق پیش کرتا ہے۔ نیز ہندو مذہب کی روشنی میں اسلام سے متعلق غیر مسلموں کے استفسارات اور اعتراضات کے جوابات بھی دیئے جاتے ہیں۔ سالانہ چندہ چار روپے۔ نمونہ مفت

مہتمم ماہنامہ انوارِ اسلام رام نگر بنارس

## ماہنامہ چراغِ راہ کراچی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کراچی نے کوئی وجہ بتائے بغیر ماہنامہ چراغِ راہ کو نیا ڈیکلریشن دینے سے انکار کر دیا ہے۔ اس صورت میں پرچے کے اجراء کا کوئی موقع باقی نہیں رہا۔ اب ہم قانونی چارہ جوئی کر رہے ہیں اور اگر خدانخواستہ اس میں ہمیں ناکامی ہوئی تو جن خریداروں کا چندہ ہمارے پاس جمع ہے اُن کے بقایا کی ادائیگی کا انتظام کر دیا جائے گا۔ امید ہے کہ ناظرین چراغِ راہ کے ہماری مجبوری کا لحاظ کریں گے

ناظم ادارہ

چراغ راہ۔ کراچی


© rasailojaraid.com